ادبیات

اے باعثِ بہارِ دو عالم خدا گواہ
تھا گلستانِ دہر بیاباں ترے بغیر

انہ

(جناب نواب دہلوی)

چھائی ہوئی تھی ظلمتِ عصیاں ترے بغیر
خوابِ گراں سے چونکے نہ انساں ترے بغیر
ممکن نہ تھا نجات کا ساماں ترے بغیر
حاصل ہوا کسی کو نہ عرفاں ترے بغیر
ملتی نہیں ہے دولتِ ایماں ترے بغیر

ختم الرسل، حبیبِ خدا صاحبِ کتاب
پیدا کبھی ہوا ہے نہ ہوگا ترا جواب
قرآن ہے گواہ کہ تو ہے وہ آفتاب
دنیا تمام تیری تجلی سے فیض یاب
ظلمت کدہ تھا عالمِ امکاں ترے بغیر

روزِ ازل سے ساقیِ کوثر ترا لقب
بیٹھے تھے منتظر ترے میخوار سب کے سب
صدیوں سے بابِ میکدہ تھا بند روز و شب
جامِ مئے الست کو ترسے ہوئے تھے لب
سونی پڑی تھی محفلِ رنداں ترے بغیر

دھندلے تھے نقشِ قدرتِ پروردگار کے
رنگ اور ہی جہاں میں تھے لیل و نہار کے
غنچے چٹک رہے تھے نہ نغمے ہزار کے
جھلسے ہوئے سموم سے دامن بہار کے
گل تھے چمن میں چاک گریباں ترے بغیر

پھیلا ہوا جہاں میں تھا دامانِ شیطنت
بدکاریوں کے زور نے پلٹی ہوئی تھی مت
تھا کون سا وہ عیب کہ جس کی پڑی نہ لت
انسانیت کی ناؤ تھی غرقابِ معصیت